مانٹریال۔ کینیڈا کے صوبہ کیوبک میں مقیم پاکستانیوں کی انجمن "پاکستان سوسائٹی آف کیوبک" کے سالانہ انتخابات قبل میں آگئے۔ اس سے قبل جنرل باڈی کا کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے یہ انتخابات ملتوی ہو گئے تھے۔ انتخابات میں پاکستانیوں کی تعداد ان کی نام نہاد عصبیت، اتحاد اور قومیت کے منہ پر طمانچے کے مترادف تھی۔

دوسری دفعہ طلب کئے جانے والے اجلاس میں پاکستانیوں کی تعداد تیس اور چالیس کے درمیان تھی۔ جبکہ گزشتہ اجلاس میں ان کی تعداد اس سے بھی کم تھی۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

●●

غزل

مقتدا حسن فیضی

کاش اُسی کے ساتھ کٹے یہ دن نغمۂ کارات غزل کی
جس کا البیلا پیکر ہے اک نازک سوغات غزل کی

میرے نغموں کو ڈس لے گی یہ خاموشی ناگن بن کر
شہد ہو کچھ تم بھی بولو، چھیڑ رہا ہوں بات غزل کی

جب بوندوں کی پائل جھنکے، ہم دیوانے ساز اٹھائیں
کالی کالی اُن زلفوں میں لہرائے برسات غزل کی

چُپ چُپ ہے تو سحر سا پھونکے، بات کرے تو موتی رولے
اُن نینوں کا چنچل افسوں، پیاری پیاری گھات غزل کی

میں ہوں اپنی راہ گزر میں سایہ دار شجر کی صورت
ایک مہکتی چھاؤں ہے میرے پیار بھرے نغمات غزل کی

فرط حیا سے پانی پانی، چستی بندش، شوخی مضموں
تیرے بدن کی شہرت کے آگے کیسا اوقات غزل کی

شاید فن کی جامہ زیبی اترائی ہے خود پر کیسا
نکلے میں پوشاک پہن کر جب میرے جذبات غزل کی

نازک سی اس صنفِ سخن پر کیا کچھ گزری مت پوچھو
ٹوٹ گئی ہے اوک بن کر بہلیں ہیہات غزل کی

قطعات

سلیم احمد

مسلسل دید بھی شاید کبھی ہو
ابھی تو اس کے ڈر سے کانپتا ہوں
مرا دل جیسے ہمسائے کا گھر ہے
کبھی روزن سے خود کو جھانکتا ہوں

●

[illegible]
جو تم ہو تو پائندہ کرینگے
نہ جانے دور ہے کتنی قیامت
نہ جانے کب مجھے زندہ کرینگے

MATCHLESS TRAVEL SERVICE

WORLDWIDE TRAVEL & TOURIST SERVICE

MOST ECONOMICAL FARE

[illegible]

[illegible] STREET
TORONTO, ONT
534-1139

پاکستان کی ایک اُبھرتی ہوئی خاتون مصورہ
انیس ہاشم بھائی

نمائندہ خصوصی کے قلم سے

ٹورانٹو کے اجنبی ماحول اور ہنگامہ آرائیوں کے درمیان ایک ایسا پُرسکون گوشہ بھی ہے جہاں بڑی اپنائیت کا احساس ہوتا ہے۔ اس مانوس ماحول اور جانی پہچانی فضا میں انیس ہاشم بھائی رہتی ہیں۔ جہاں وہ ٹورانٹو کی بھاگتی دوڑتی زندگی سے پناہ لے کر کینوس پر رنگ بکھیرتی ہیں۔ ایسے رنگ اور ایسے عکس جن میں پاکستانی شب و روز کی جھلکیاں موجود ہیں۔

انیس ہاشم بھائی پاکستان کی ایک ہونہار آرٹسٹ ہیں۔ انھوں نے اپنی ابتدائی تعلیم کراچی کے سینٹ جوزف کانونٹ میں حاصل کی اور سینیئر کیمبرج کا امتحان پاس کرنے کے بعد آرٹ کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے پاکستانی پاسپورٹ پر ہندوستان گئیں۔ وہاں انھوں نے سر جے۔ جے۔ سکول آف آرٹ بمبئی میں چار سال تک مصوری کی تعلیم حاصل کی۔ بعد ازاں ۱۹۶۵ء میں نیویارک کے پین امریکن آرٹ سکول سے فائن آرٹس اور TURTLE BAY نیویارک سکول سے آرٹ THEORAPY کا سٹوڈیو کورس کیا۔ اور ۱۹۶۳ء میں بوسٹن کے CHAMBERLYNE جونیئر کالج سے اپلائیڈ سائنس کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد وہ کینیڈا آ گئیں۔ یہاں انھوں نے مختلف آرٹ گیلریوں میں کام کیا اور آج کل ٹورانٹو کی ایک آرٹ سنٹر سے منسلک وابستہ ہیں۔

انیس ہاشم بھائی کی بنائی ہوئی تصویریں دیکھ کر سب سے پہلے یہ خیال ذہن میں آیا جیسے ہم کسی فرانسیسی IMPRESSIONISTIC تحریک کے مصور کی پینٹنگز دیکھ رہے ہیں۔ بہر حال ... [illegible] ... TURNER ... [illegible] ... مغرب سے متاثر لیکن بباطن مشرقی ذہن کی پیداوار ہو سکتے ہیں۔

نمائش کے لیے پیش ہو چکی ہیں۔ کراچی میں امریکہ کے قونصل جنرل کی رہائش گاہ پر اور بمبئی کے امریکن کلچرل سنٹر میں ان کی تصویروں کی نمائش ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ گیرٹ گیلری، ولینیڈ، مالے لو، مناتھن، نیو پارک لین گیلری۔ واشنگٹن میں اور امریکہ، یورپ، افریقہ، پاکستان، ہندوستان اور کناڈا کے نجی کلکشن میں ان کی تصویریں نمائش کیلئے پیش کی جا چکی ہیں۔ آج کل ٹورانٹو کی گیلری DANALLIE میں ان کی تصویریں رکھی ہیں۔

انیس ہاشم بھائی کی عمر اگرچہ ابھی صرف تیس سال ہے لیکن انھوں نے ابتک صدہا تصویریں بنا ڈالی ہیں۔ ان کا فن ان کی صلاحیتوں اور ان کی مہارت و ذہانت کا عکاس ہے۔ انھوں نے نہ صرف آرٹ پر مختلف کتابیں پڑھی ہیں بلکہ مختلف اسالیب کا مطالعہ بھی کیا ہے۔ اس کے علاوہ "الفنتا" کے غار اور آرٹ کے شاہکار نمونے بھی دیکھے ہیں۔ اسلامی فن تعمیر کے نمونوں کا بھی انھوں نے مشاہدہ کیا ہے اور اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ اسلامی آرٹ میں وہ تمام خصوصیات مل جاتی ہیں جنھیں ہم اپنی تہذیب سے باہر کے فنی نمونوں میں تلاش کرتے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں انیس ہاشم بھائی نے بتایا کہ وہ جن مصوروں سے متاثر ہیں ان میں انگلستان کے TURNER ہندوستان کے PRASANNA اور پاکستان کے GULGEE شامل ہیں اور پاکستان کی ہر بیرہ انجد کا WOOD CRAFT انھیں بہت پسند ہے۔

... انیس ہاشم بھائی سے یہ پوچھا کہ انھیں خود اپنی کونسی پینٹنگز پسند ہیں تو انھوں نے بتایا کہ اپنی

دوست نیلم کا پورٹریٹ انھیں بہت اچھا لگتا ہے جس پر انھیں ۱۹۶۲ء میں پہلا انعام بھی ملا تھا۔ دوسری تصویر جو انھیں پسند ہے وہ خود ان کے گھر میں لگی ہوئی ہے۔ یہ تصویر انھوں نے اپنے شوہر کی پیدائش کی سالگرہ میں کو تحفۃً دی ہے اور ان کے شوہر نے اسے GREEN MANSION کا نام دیا ہے۔

انیس ہاشم بھائی کی ایک بڑی متاثر کن تصویر یہاں دی جا رہی ہے۔ یہ ایک ایسے معصوم لڑکے کی تصویر ہے جو اپنے پیروں سے معذور ہے لیکن اس کی آنکھوں میں زندگی کی اُمنگ موجود ہے۔ یہ کیفیت ان کی اکثر تصویروں میں ہے

جس سے خوشی اور اُمید کی کرنیں پھوٹ پڑتی ہیں اور ان کے فن کو جاوداں بناتی ہیں۔ ان کے خلوص فن اور ریاضت کی بنا پر یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ دن دور نہیں جب ان کا شمار صف اول کے آرٹسٹوں میں ہونے لگے گا۔

انیس ہاشم بھائی



حبیب بینک نے اپنے ہیڈ آفس کراچی میں ایک خصوصی محکمہ قائم کر رکھا ہے جس کا کام ہی صرف یہ ہے کہ وہ پاکستان سے باہر اپنے ہم وطنوں کی خدمت کے لئے کوشاں رہے۔
اگر آپ کو پاکستان سے متعلق کبھی کوئی معلومات حاصل کرنی ہوں یا اپنی بھیجی ہوئی رقومات کے بارے میں کبھی کسی دقت کا سامنا ہو تو بلا جھجک مندرجہ پتہ پر لکھئے۔ شکریہ۔

حبیب بینک لمیٹڈ
بیرون ملک پاکستانیوں کا شعبہ
ہیڈ آفس۔ ۱۷۔ حبیب بینک پلازہ، کراچی ۲۱ پاکستان

ہم آپ کے خطوط کے منتظر رہیں گے۔

حبیب بینک لمیٹڈ

خورشید حسن میر کو بھی قومی اسمبلی سے مستعفی ہو کر آزاد امیدوار کے طور پر انتخاب لڑنا چاہیے - خان قیوم

پشاور ــــ اے پی پی) وفاقی وزیر داخلہ اور پاکستان مسلم لیگ قیوم گروپ کے سربراہ خان عبدالقیوم خان نے صوابی میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مسٹر محمد حنیف خان ایم این اے اور مسٹر عبدالرزاق خان پراچہ جو کہ مسلم لیگ چھوڑ کر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے ہیں وہ صوبائی اسمبلی کی نشستوں سے فوراً مستعفی ہو جائیں اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر دوبارہ انتخاب لڑیں انہوں نے کہا اصولی اور اخلاقی طور پر ان دونوں ارکان کو چاہیے کہ اگر وہ ایک جماعت کو چھوڑتے ہیں تو اس جماعت کے ٹکٹ پر انتخاب جیتنے والی سیٹ بھی چھوڑ دیں اور سے ضمنی انتخاب میں اپنی نئی پارٹی کی طرف سے انتخاب لڑیں۔

خان عبدالقیوم خان نے مولانا کوثر نیازی کے مطالبے کا بھی ذکر کیا جس میں انہوں نے سابق وفاقی وزیر مسٹر خورشید حسن میر سے قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔ خان عبدالقیوم خان نے کہا یہ مطالبہ درست ہے۔ اور خورشید حسن میر کو قومی اسمبلی کی نشست سے استعفیٰ دے کر ایک آزاد امیدوار کے طور پر ضمنی انتخاب میں حصہ لینا چاہیے خان عبدالقیوم خان نے کہا کہ امیدواروں کے سلسلے میں جیسا کہ تجربہ ہوا ہے اس کے پیش نظر فیصلہ ہے کہ آئندہ عوام کا جرگہ منظوری جانے اس جرگے میں امیدوار کا انتخاب کیا جائے پھر وہ امیدوار اس جرگے کو جوابدہ ہوگا۔

صوبائیت کو پنپنے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائیگی

سندھو دیش نام کی کسی تحریک کا وجود نہیں: قومی اسمبلی میں وزیر اعظم کی تقریر

اسلام آباد ــــ وسطان رپورٹر) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کا بائیکاٹ ختم کرانے اور اسے قومی اسمبلی میں واپس لانے کے لئے ہر قابل عمل تجویز پر غور کرنے کے لئے تیار ہے تاہم اس سلسلے میں تجاویز خود اپوزیشن کو پیش کرنی چاہئیں۔ آج اسمبلی میں بجٹ پر عام بحث کے آخری روز اپنی تقریر میں انہوں نے اپوزیشن کے بائیکاٹ پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا انہوں نے بڑی فاش غلطی کی ہے۔ جو ان میں سیاسی فہم و فراست کے فقدان کی آئینہ دار ہے۔ انہوں نے کہا یہ حکومت کا فرض نہیں ہے کہ وہ اپوزیشن کو موجودہ مخمصے سے نجات دلائے تاہم موجودہ حکومت وسیع القلبی کا مظاہرہ کر رہی ہے وزیر اعظم نے جو قائد ایوان بھی ہیں کہا کہ اپوزیشن کو ملک میں جمہوریت کے استحکام کے پیش نظر اور اپنے فرائض کی بجا آوری کے احساس کے تحت بجٹ سے متعلق اس اہم اجلاس میں ضرور شرکت کرنی چاہیئے تھی انہوں نے کہا کہ حکومت کو احساس ہے کہ اپوزیشن کی اسمبلیوں میں واپسی کے لئے کوئی راستہ ضرور تلاش کیا جانا چاہیئے چنانچہ ہم اس سلسلے میں ہر قابل عمل تجویز پر غور کریں گے۔

انہوں نے کہا بجٹ اجلاس اس لئے اہم ترین ہوتا ہے کہ بجٹ سے ہر شہری متاثر ہوتا ہے۔ وہ اجلاس میں شریک ہو کر تعمیری تجاویز پیش کر سکتے تھے۔ ان کے بائیکاٹ کے باعث اصل صورت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب بھی بہتر ہے کہ وہ واپس آجائیں تاہم اگر وہ طاقتوں کے ارتکاب پر بضد ہیں اور اپنے مقصد کو مجروح کرنا چاہتے ہیں تو یہ حکومت کا فرض نہیں کہ انہیں نجات دلائے۔

محمد علی کی کامیابی پر مٹھائی کی تقسیم

سیالکوٹ۔ ــــ (نامہ نگار خصوصی) میری رپورٹ چیمپین شپ کے مقابلے میں محمد علی کی کامیابی پر آج شہر میں خوشیاں منائی گئیں اور مختلف تنظیموں اور لوگوں کی طرف سے مٹھائی تقسیم کی گئی۔

اثاثوں کے بارے میں پاکستانی تجویز پر بنگلہ دیش کا رد عمل مایوس کن ہے

بحر ہند کو امن کا خطہ بنانے کے لئے ایٹمی ہتھیاروں سے لاتعلق ناگزیر ہے

پاکستان اور سری لنکا کا مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا

کولمبو ــــ (اے پی پی) پاکستان کے سیکرٹری خارجہ آغا شاہی نے واضح کیا ہے کہ بنگلہ دیش کو تمام غیر بنگالی باشندوں کے اخراج کا قطعاً کوئی حق نہیں پہنچتا اور نہ ہی پاکستان پر ایسی کوئی قانونی اور سیاسی ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ وہ تمام غیر بنگالیوں کو اپنے ہاں آباد کرے۔ یہ باتیں اس مشترکہ اعلامیہ میں کہی گئی ہیں جو آغا شاہی کے سری لنکا کے دورہ دو روزہ دورے اور سیکرٹری خارجہ سری لنکا سے مذاکرات کے بعد جاری کیا گیا ہے۔ آغا شاہی نے سری لنکا کو ان تمام اقدامات سے آگاہ کیا جو وہ اپنے ہمسایہ ممالک افغانستان، بنگلہ دیش کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کے لئے کر رہا ہے۔ سری لنکا نے پاکستان کے ان اقدامات کی تعریف کی اور انہیں اطمینان بخش قرار دیا۔ آغا شاہی نے واضح کیا کہ پاکستان ایک لاکھ چالیس ہزار غیر بنگالیوں کو پہلے ہی قبول کر چکا ہے۔ پاکستان جانے کے خواہش مند غیر بنگالیوں کی درخواستوں کے از سر نو جائزہ کے بعد ممکن ہے پاکستان سے مزید غیر بنگالیوں کو قبول کرنے کی توقع کی جائے لیکن پاکستان پر ایسی کوئی پابندی یا ذمہ داری عاید نہیں ہوتی ہے۔

آغا شاہی نے بتایا کہ پاکستان نے اثاثوں اور واجبات کے تعین کے لئے بنگلہ دیش کو مذاکروں کی کمیٹی کے قیام کی جو تجویز پیش کی تھی اس کا مایوس کن جواب دیا گیا ہے مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ باہمی اور بین الاقوامی معاملات و مسائل پر دونوں ملکوں نے ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

مسٹر آغا شاہی نے یاد دلایا کہ وزیر اعظم بھٹو نے جون ۱۹۷۴ء میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین اثاثوں اور واجبات کے تعین کے لئے کمیٹی قائم کرنے کی پیشکش کی تھی جس نے تین ماہ کے اندر اندر اپنی سفارشات کر کے رپورٹ پیش کرنا تھی لیکن وزیر اعظم پاکستان کی اس تجویز کا نہایت مایوس کن جواب دیا گیا انہوں نے کہا پاکستان پہلے ہی ایک لاکھ ... بنگالیوں کو قبول کر چکا ہے۔

کشمیر کا مسئلہ حل نہ ہوا تو پاکستان کی سالمیت کو خطرہ لاحق رہے گا

اسلام ہی ہمارے مسائل کا واحد حل ہے

سیالکوٹ کے جلسہ میں اپوزیشن لیڈروں کا اظہار خیال

سیالکوٹ۔ ــــ (نامہ نگار خصوصی) گزشتہ رات عیدگاہ حضرت امام صاحب میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری ملک محمد قاسم نے کہا حکومت ہمیں بائیکاٹ کا طعنہ دیتی ہے لیکن اب پیپلز پارٹی کے بعض اراکین کا ضمیر بھی جاگ اٹھا ہے اور انہوں نے حکومت پر تنقید شروع کر دی ہے انہوں نے کہا اگر پیپلز پارٹی کے ممبران نے کوئی بدعنوانی کی ہے تو انہیں بھی سزا دی جانی چاہیے ... اور جس نے بتایا تھا کہ ان پیشقدمیات چلانے جانے والوں کے لئے گئے ان الزامات کی وضاحت کی جائے انہوں نے کہا سیاسی کارکنوں کی گرفتاری کے مقدمات کی پیروی کرنے پر ڈی پی آر کے تحت گرفتار کیا جاتا ہے انہوں نے بنگلہ دیش کے مطالبات تسلیم کرنے پر بھی زور دیا۔

آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار عبدالقیوم خان نے کہا اسلام آباد کا بیشتر حصہ کشمیر کو مسئلہ حل ہو گا۔ کشمیر کا مسئلہ حل نہ ہوا تو پاکستان کی سالمیت کو خطرہ لاحق رہے گا سردار قیوم نے کہا کہ بنگلہ دیش کے بجائے پاکستان کو اقتدار سے تسلیم نہیں کیا جائے گا لیکن اسے جس تسلیم کر لیا گیا آزاد کشمیر کے انتخابات میں زبردست دھاندلیاں کی گئی ہیں اب وہاں ملکی عزت باقی نہیں رہی ہے بلکہ چیف جسٹس خاندانوں میں بھی مدت کمی ہو جاتی ہے انہوں نے کہا کہ شیخ عبداللہ کے نام پر سے تمام سے مسئلہ خطرہ شائع کر دیئے جاتے ہیں نیپ کے راہنما ... نے کہا کہ جمہوریت کے لئے ... خیبر کا بیشتر ... جمعیت علماء ... جنرل سیکرٹری ...

... انہوں نے ... دیہاتی اور معاشی بدحالی کا ذمہ دار حکومت کو قرار دیا انہوں نے ناقص منصوبہ بندی کا بھی ذکر کیا ... مولانا غلام علی اوکاڑوی نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام اسلام میں مکمل طور پر داخل ہو جائیں کیونکہ اسلام ہی ہمارے مسائل کا واحد حل ہے۔

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر میر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

If THIS Happens To You!

Expert Body Work

General Collision Repairs

Spray Painting

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

SPECIAL ANNOUNCEMENT

خصوصی اعلان
شہر ہیملٹن میں عنقریب
ایشیاء ہاؤس انٹرنیشنل فوڈ مارکیٹ لمیٹڈ
کا افتتاح ہوگا

جہاں آپ کو نہایت ہی سستے داموں پر حلال گوشت، مرغیاں، مسالہ جات، دالیں، باسمتی چاول، اور تازہ سبزیاں مہیا کی جائیں گی اور حسب ذیل علاقوں میں مفت ڈلیوری کا انتظام ہوگا۔

In the City of Hamilton
OPENING SOON

ASIA HOUSE

International Food Market Limited.

414 KING ST., EAST AT VICTORIA AVE., S.
TEL: 528-8184

The market will carry on very reasonable prices all times in wholesale & retail sale and will provide fresh halal goat, lamb, beef, veal, chicken meats, all kinds of dalls, pickels, fresh vegetables and tropical fruits etc, etc.

MANAGEMENT
WILL PROVIDE FREE DELIVERY TO THE FOLLOWING TOWNS:

Hamilton, Burlington, Dundas, Stoney Creek, Grimsby, Waterdown, Mississauga, Oakville, Brantford, Cambridge, Paris, Kitchener, Beamsville, Jordon-Harbour, St. Catherines, Welland, Niagara Falls, Fort Erie and Buffalo, USA.

FOR INFORMATION PHONE: 528-8184

ASIA HOUSE

Affectionately yours

افغانستان حکومت اپنی تقریبات میں نیپ کے لیڈروں کی براہ راست مدد کرتی ہے

کچھ لیڈروں کو بعض اوقات ایسی تقریبات میں شرکت سے روکا بھی گیا

نیپ نے اجمل خٹک یا اس کے فارورڈ بلاک سے کبھی لاتعلقی ظاہر نہیں کی

سپریم کورٹ میں مزید جرح کے جواب میں سیکرٹری داخلہ کا بیان

وزیراعظم بھٹو کا حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

ڈیڑھ سو بنگلہ دیشیوں کی پاکستان میں غیر قانونی داخلے کی کوشش ناکام بنادی گئی

میں پیپلز پارٹی کو بھٹو کا کنبہ سمجھتا ہوں: حنیف رامے

اگر کشتی میں بوجھ بڑھ گیا ہے تو سب سے پہلے میں قربانی پیش کرتا ہوں

آئین کے مطابق وزیر اعلیٰ کے اختیارات استعمال کرنا گناہ ہے تو میں سزاوار ہوں: پنجاب اسمبلی سے خطاب

سرحد کی سیاسی صورت حال کے بارے میں جلد اہم انکشافات کیے جائینگے

غریبوں اور مزدوروں کیخلاف خان قیوم کی مہم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائیگا: نصراللہ خٹک

عبدالحمید خان نے آزاد کشمیر کے وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھالیا

انتخاب اتفاق رائے سے عمل میں آیا: ترقی کی رفتار تیز تر کرنے کا عزم

آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہوگی



مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں غیرمسلموں کا داخلہ ممنوع قرار دیدیا گیا

K + K & MERCHANT

Presents

Night of Nights

In

Toronto

ON SATURDAY, JULY 26, 1975

AT BLOOR COLLEGIATE INSTITUTE

Bloor & Dufferin (opposite Bombay Bazar)

ADMISSION only $2 and $3 CALL 661-2349 749-0675

بھارت میں حکومت کے خلاف خونریز ہنگامے جاری ہیں، سرکاری املاک کو نقصان

اندرا گاندھی نے بھارت کے بڑے بڑے لیڈروں کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا

جماعت اسلامی پر فرقہ وارانہ تعصب پھیلانے کا الزام ہے

ریلوں کی پٹڑیاں اکھاڑ دی گئیں، مظاہرین پر پولیس کی فائرنگ

پلوں اور اہم مقامات کی حفاظت کے لیے خاص دستے مقرر کر دیئے گئے

اندرا گاندھی جمہوریت کو کچلنے کیلئے ہٹلر اور سٹالن جیسے حربے استعمال کر رہی ہیں

دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت پولیس سٹیٹ بن کر رہ گئی ہے، عالمی پریس کے تبصرے

پاکستان ہاکی ٹیم… کھلاڑی بھیجے گا



وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفے لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوائیے
خوابوں کی تعبیر — خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Com…
P. O. BOX 388 STATION
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: (416) 459-0820

Please Visit Us for
Masalas, Rice, Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دکان

Afro Asian
918 PAPE AVENUE,
TORONTO
Phone 463-1287


SYED M. HUSAIN

For a better deal on COMPACT, INTERMEDIATE OR FULL SIZE NEW AND USED CARS, Parkwood Central is the place. And the man to see is Syed M. Husain.

Also ask Syed M. Husain about Parkwood Central's LEASE & CREDIT PURCHASE PLANS.

As low as 10% down. Top trade-in values for used cars.

PARKWOOD CENTRAL
CHEVROLET OLDS CADILLAC
2400 Yonge St. just above Eglinton
TELEPHONE 481-5111

FOR SALE N. MUZAFFAR REAL ESTATE BROKER 226-5454
MORTGAGES APPRAISALS COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

2807 E…VIEW AVENUE WILLOWDALE ONTARIO M2K 1E6
(Bayview Village Plaza, Suite 219)
MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ
سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف اور نہ غم ہوگا (القرآن)

بھارتی حکمران — جبر و استبداد کی راہ پر

بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی نے اپنے انتخاب کو کالعدم قرار دینے والے عدالتی فیصلے کے فوراً بعد جو طرز عمل اختیار کیا تھا اس سے دنیا بھر میں یہی تاثر لیا گیا تھا کہ وہ ہر قیمت پر اقتدار کی گدی پر براجمان رہنا چاہتی ہیں۔ سارے ملک پر ہنگامی صورت حالات کا مہیب سایہ ڈالنے کے لیے اگرچہ شریمتی جی نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ ان کے مخالف سیاست دان صرف انہیں اقتدار سے علیحدہ کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہتے تھے، بلکہ انہوں نے کسی غیر ملکی طاقت سے ساز باز کرکے ملک میں بدامنی اور بغاوت کا بھی منصوبہ بنا رکھا تھا، لیکن عدالتی فیصلے کے بعد ان کے طرز عمل کے بعض پہلو کچھ اس نوعیت کے یکسر سخت بھونڈے تھے کہ ان کی وجہ سے بھارت میں بھی یہ خدشات برملا طور پر ظاہر کیے جانے لگے تھے کہ وہ اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے قانون و آئین کی روح اور جمہوری اقدار کو بے دریغ پامال کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گی۔ چنانچہ اب مسز اندرا گاندھی نے سازش اور بغاوت کا جو واویلا شروع کیا ہے، بہت کم غیر ملکی حلقے انہیں کچھ وقعت دینے یا قابل توجہ قرار دینے پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔ آزاد دنیا کا عام ردعمل اور تاثر یہی ہے کہ وہ اپنے اقتدار اور اپنی کانگرس کی حکومت کو برقرار رکھنے کے لیے ہر حد تک جانے پر تل گئی ہیں۔ چنانچہ صرف ایک ہفتہ پہلے تک جس بھارت کو دنیا کا سب سے بڑا جمہوری ملک قرار دیا جاتا تھا، اب اس کا ذکر آمریت، فسطائیت، ایک پارٹی کی حکومت کے انداز میں ہونے لگا ہے۔

اقتدار کی خواہش ہوس کی شکل اختیار کر جائے، اور ہر مقتدر فرد کے ذہن میں یہ جنون سما جائے کہ ملک کا وجود اس کی ذات پر منحصر ہے تو پھر اس ملک کے بدنصیب لوگوں کو اس حشر سے دوچار ہونا پڑتا ہے، جس کا تجربہ و مشاہدہ اب بھارت کے عوام کر رہے ہیں۔ اندرا حکومت نے ہنگامی اختیارات کے تحت صرف سرکردہ اپوزیشن لیڈروں کو ہی جیلوں میں ڈالنے پر اکتفا نہیں کیا۔ ملک بھر میں بنیادی حقوق بھی معطل کر دیے ہیں۔ جابر حکمرانوں کا ایک روایتی معمول یہ بھی ہے کہ جب وہ ظلم و تعدی کی راہ اختیار کر لیتے ہیں تو پھر تاریخ میں جبر و استبداد کے سلسلے میں بدنام حکمرانوں کے نقش کی اقتدا، مثالیں بھی ان کے لیے مشعل راہ بنتی ہیں اور وہ ہم آہنگ جبر و استبداد کے اقدامات کو ہی اضافہ کے ساتھ اعادہ کرتے رہتے ہیں۔ اس کی تصدیق بھارت میں تازہ مسلسل اقدامات سے بھی ہو جاتی ہے جن کے تحت حکومت نے کوئی وجہ بتائے کسی بھی شخص کو گرفتار کرنے کا اختیار حاصل کر لیا ہے۔ اس اختیار کے تحت گرفتار اور نظربند ہونے والے افراد کے معاملات پر بھی حکومت خود ہی ہر چار ماہ بعد نظرثانی کرے گی اور گرفتار یا نظربند شخص کو اس نظرثانی کے مرحلہ میں بھی اپنی صفائی پیش کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا۔

بھارتی حکومت نے اپنے لامحدود اختیارات کا دائرہ افراد کیساتھ اخبارات تک بھی وسیع کر دیا ہے۔ ان پر کڑی سنسر شپ کی پابندی لگا دی گئی ہے اور ملکی اخبارات کے ساتھ غیر ملکی نامہ نگاروں کو بھی سنسر شپ کی پابندیاں ملحوظ رکھنے کا حکم دے دیا ہے۔ یہ اپنی جگہ بہت بڑی ستم ظریفی ہے۔ صرف ہفتہ عشرہ پہلے کامن ویلتھ پریس ایسوسی ایشن نے اپنے جائزہ میں بھارت کو ان پانچ ترقی پذیر ملکوں کی فہرست میں کافی اونچی جگہ دی تھی جہاں اخبارات کو مقدور آزادیٔ تحریر و اظہار حاصل ہے لیکن اس جائزہ کے منظر عام پر آنے کے فوراً بعد تاریخ میں پہلی مرتبہ نہ صرف بھارت میں دو دن تک کوئی اخبار شائع نہ ہوا بلکہ تیسرے دن جب کچھ اخبارات شائع ہوئے تو ان کے اکثر صفحے سنسر والوں کی قینچیوں کی نذر ہو چکے تھے۔ دوسری طرف غیر ملکی نامہ نگاروں کو صرف اشتباہ کرنے پر ہی کتنا تنگ کیا گیا، امریکی اخبار "واشنگٹن پوسٹ" کے نمائندہ مقیم دہلی کو ملک سے نکل جانے کا حکم دے دیا گیا ہے اور عالمی سطح پر بھارت کے سرفہرست ثقہ ترین نشریاتی ادارہ بی بی سی کے نمائندہ کے بارے میں حکمران جماعت کانگرس کے سابق پارلیمانی ارکان کا یہ مطالبہ نشر کیا گیا ہے کہ اسے بھی ملک سے نکال دیا جائے۔ دوسرے الفاظ میں بھارتی حکومت نے حقیقت کو چھپانے کے لیے غیر ملکی نامہ نگاروں پر یہی واضح کر دیا ہے کہ وہ صرف سرکاری نقطہ نظر کی ترجمانی کریں ورنہ ملک سے نکل جانے کے احکام کے لیے چشم براہ رہیں۔

کبھی بھی وجہ یا مصلحت کے تحت ذرائع ابلاغ پر پابندی لگائی جائے تو اس کا ایک فوری ردعمل یہ بھی ہوتا ہے کہ سرکاری ذرائع سے حاصل اطلاعات پر اعتماد اٹھ جاتا ہے اور افواہوں کا سلسلہ زور پکڑتا جاتا ہے۔ اس کی تصدیق بھارتی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اے این رے کے مستعفی ہو جانے کی افواہ سے ہو جاتی ہے، جس کی تردید بھارتی حکمرانوں کو کرنی پڑی ہے، لیکن یہ افواہ بدستور گردش کر رہی ہے۔ مسٹر جسٹس رے کو مسز اندرا گاندھی نے کئی سینئر ججوں کے استحقاق کو نظرانداز کرکے چیف جسٹس مقرر کیا تھا، لیکن افواہ یہ ہے کہ انہوں نے بھی موجودہ حالات میں اپنے فرائض ادا کرنے سے معذرت کر دی ہے۔ بھارت کے سرکاری ذرائع یہ کہتے ہیں کہ ہنگامی حالات کے نفاذ کے بعد صرف نو سو افراد کو حراست میں لیا گیا ہے، لیکن مخالف سیاسی حلقوں کا یہ کہنا ہے کہ صرف ایک دن پیر (۳۰۔ جون) کو جو افراد گرفتار کیے گئے، ان کی تعداد چار ہزار سے زیادہ تھی۔

یقین اور وثوق سے یہ کہنا مشکل ہے کہ مسز اندرا گاندھی نے معذرت طلب جبر و استبداد کا جو راستہ اختیار کیا ہے۔ اس سے وہ لازماً اپنے اقتدار کو بچانے میں کامیاب بھی ہو جائیں گی۔ کیونکہ ان کے جابرانہ اقدامات کے خلاف ملک کے مختلف حصوں میں مظاہروں کے ساتھ ویسی ہی تخریبی سرگرمیاں بھی شروع ہو گئی ہیں۔ جو خود کانگرس نے ۱۹۴۲ء میں انگریزوں کے خلاف "ہند چھوڑ دو" تحریک کے زمانہ میں روا رکھی تھیں۔ بھارت میں مسز اندرا گاندھی کے سیاسی مخالفین اتنے کمزور اور بے بس بھی نہیں ہیں۔ صرف چند ماہ پہلے وہ ایجی ٹیشن کے ذریعہ صوبہ گجرات میں انتخابات کرانے کا مطالبہ منوانے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ بحث کی خاطر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ مسز اندرا گاندھی اپنے مقصد کے حصول — اقتدار کے تحفظ — میں کامیاب ہو جائیں گی۔ تو بھی ان کی یہ فتح جن ذرائع کی مرہون منت ہوگی، وہ نہ عزت و احترام میں اضافہ کا موجب اور نہ دیرپا کامیابی کے ضامن بن سکتے ہیں دوسری طرف عالمی سطح پر بھارت کے جمہوری ملک ہونے کے دعویٰ اور بہت خوش نما عکس پر صرف چند دن کے اندر جو دھبے پڑ گئے ہیں، اور جن کی تعداد میں غیر ملکی نامہ نگاروں پر سخت پابندیوں کے باعث اضافہ ہوتا جائے گا۔ ان کا ازالہ آسان نہیں ہوگا۔ اہل پاکستان کو اس کا ناقابل فراموش تجربہ ہو چکا ہے۔ یحییٰ خان نے اواخر مارچ ۱۹۷۱ء میں جب مشرقی پاکستان میں فوجی کارروائی شروع کرنے کے ساتھ انتہائی عجلت سے کام لے کر تمام غیر ملکی نامہ نگاروں کو یک بینی و دوگوش ڈھاکہ سے نکال دیا تھا۔ تو اس سے نہ صرف عالمی سطح پر پاکستان کے نقطۂ نظر اور حقیقت حال کی وضاحت اور اشاعت کو سخت گزند پہنچا تھا۔ بلکہ یحییٰ خان کے اس کوتاہ اندیشانہ اقدام کا جو بدلہ ان غیر ملکی نامہ نگاروں نے پاکستان سے لیا، اس کا اب تک کماحقہ ازالہ نہیں کیا جا سکا۔

ہم ایسی کسی خوش فہمی میں مبتلا نہیں کہ مسز اندرا گاندھی کی جنونی حرص اقتدار سے ایک بڑے ملک کے طور پر بھارت کی عالمی حیثیت پر بہت ناگوار اثر پڑے گا۔ لیکن یہ بات کسی خوف تردید کے بغیر کہی جا سکتی ہے کہ خود بھارت کی تاریخ میں بھی مسز اندرا گاندھی کا نام ایک خادم ملک و قوم کے بجائے ایک جابر اور خود غرض حکمران کے طور پر لیا جائے گا۔ جہاں تک عالمی رائے عامہ کا تعلق ہے، یہ حقیقت پانچ چھ دن کے اندر واضح ہو گئی ہے کہ عالمی سطح پر مسز اندرا گاندھی کے جابرانہ اقدامات کی تائید و تعریف صرف روس نے کی ہے، جو "عوامی جمہوریت" کا دعویدار ہونے کے باوجود آزادی، انصاف اور قانون کی عملداری کے سلسلہ میں کسی قابل رشک روایت اور شہرت کا حامل نہیں ہے۔

شاہین کی ادا ہوتی ہے بلبل میں نمودار
کس درجہ بدل جاتے ہیں مرغان سحر خیز
اس مرد خود آگاہ و خدامست کی صحبت
دیتی ہے گداؤں کو شکوہ جم و پرویز
(ضرب کلیم)

حضورؐ کے ارشادات

حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے۔ جناب رسولؐ پاک نے فرمایا۔ کیا تم جانتے ہو کہ سخاوت کرنے والوں میں کون سب سے بڑا سخی ہے۔ صحابہؓ نے عرض کی، اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے رسولؐ خوب جانتے ہیں۔ آنجنابؐ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ سخاوت کرنے والوں میں سے سب سے زیادہ سخی ہے پھر آدم کی اولاد میں سب سے بڑا سخی میں ہوں۔ اور میرے بعد سب سے بڑا سخی وہ شخص ہوگا جس نے علم سیکھا اور اسے پھیلایا یہ شخص قیامت کے دن ایک امیر یا ایک جماعت کی (شان) سے آئے گا۔

حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ سے روایت ہے جناب رسولؐ پاک نے فرمایا۔ میری امت میں سے بہت سے لوگ دین کا علم حاصل کریں گے اور قرآن پاک پڑھیں گے اور کہیں گے کہ ہم امرا کے پاس جا کر ان کی دنیا (دولت، مال) میں سے اپنا حصہ حاصل کریں گے۔ اور اپنے دین کو ان سے علیحدہ رکھیں گے۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا۔ جس طرح خاردار درخت سے کانٹے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے روایت ہے۔ جناب رسولؐ پاک نے فرمایا: جس شخص نے اپنے مقاصد میں سے ایک مقصد یعنی آخرت کے مقصد کو اختیار کر لیا، تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیوی مقصد کو (خود ہی) پورا کر دیتا ہے۔ اور جس شخص کے مقاصد پراگندہ اور منتشر ہوں، جیسے دنیا کے حالات تو پھر اللہ تعالیٰ کو کچھ پروا نہیں کہ وہ کس جنگل میں ہلاک ہوتا ہے۔ (حضورؐ کے اس ارشاد گرامی کو بھی پیش نظر رکھیں کہ بھی آرزو (دنیوی اشیاء کی) حماقت کا جنگل ہے)

احوص بن حکیمؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جناب رسولؐ پاک نے فرمایا: خبردار رہو کہ شریروں میں بدترین شریر برے علماء ہیں اور اچھے لوگوں میں سے بہترین اچھے علماء ہیں۔

حضورؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ اگر طاقت رکھتے ہو تو برائی کو ہاتھ سے روک دو۔ ورنہ زبان سے منع کرو۔ اگر اتنا بھی نہیں کر سکتے تو کم از کم اسے دل سے برا جانو اور وہاں سے ہٹ جاؤ۔ خود کو ظلم سے بچاؤ کہ یہ قیامت کے دن کو خراب کرتا ہے۔ خود کو مظلوم کی بددعا سے بچاؤ کہ وہ خدا سے اپنا حق طلب کرتا ہے۔

قرآن پاک کے اوراق کا احترام کرنا بھی ہر مسلمان پر فرض ہے

سید محمد اشرف

قرآن پاک وہ مقدس کتاب ہے جس کی عظمت کے متعلق بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور جب تک یہ دنیا قائم ہے یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ یہ وہ مشعل ہے جس کی روشنی نے بھٹکے ہوئے انسانوں کو صراط مستقیم دکھایا۔ یہ وہ گوہر نایاب ہے جس کی روشنی سے سارا جہان منور ہوا اور اس کی تعلیم نے ایسے فرزند اور مجاہد پیدا کیے جو کے عزم، حوصلے اور کارنامے رہتی دنیا تک روشن رہیں گے۔ مسلمانوں نے جب تک اس مقدس کتاب کے اعلیٰ مقاصد کو سامنے رکھا، ان کی پیروی کی وہ دنیا میں سربلند اور حکمران رہے۔ شاید یہ ہے کہ جب تک مسلمانوں نے خدائے کریم کے اس پیغام کو ہر کام میں مشعل راہ اور مقدم سمجھا تب تک بڑی سے بڑی طاقت ان کے سامنے نہ ٹھہر سکی۔ اس اصول حق کی سربلندی اور عظمت کو قائم رکھنے کے لیے وہ لڑتے رہے۔ زمانے نے بڑی سے بڑی مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر اس مقدس کتاب کی عظمت پر حرف نہ آنے دیا۔ قرآن پاک کی بلندی اور برتری نے دنیا والوں کو بتا دیا کہ اس کی تعلیم ہی دنیا اور آخرت میں سربلندی کی ضامن ہو سکتی ہے۔ کاش آج کا مسلمان ہر قدم پر قرآن پاک کو سامنے رکھے۔ باطل قوتیں اس کی تباہی اور بربادی کے درپے ہیں۔ یہ بات سمجھنے کی ہے کہ یہ سب کچھ اس کے اعمال کا نتیجہ ہے کیونکہ اس نے وہ نسخہ کیمیا کہ جو آج سے چودہ سو سال قبل محسن انسانیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کے حکم سے اس کے لیے تجویز کیا تھا اور اس پر عمل کرنے کی ہدایت کی تھی اس کو وہ بھول چکا ہے۔ آج اس مقدس کتاب کو الماریوں اور جزدانوں کی زینت بنا دیا گیا ہے۔ وہ نسخہ جس کی حرمت اور عظمت کے خلاف اٹھنے والی آواز کو ختم کر دیا جاتا تھا۔ وہ سنہری اصولوں کا منبع جس پر عمل کرکے دنیا میں عظمت اور سربلندی کا سہارا تھا اس کو پس پشت ڈالا جا رہا ہے۔ ستم ظریفی کی حد تو یہ ہے کہ اخبارات، رسائل اور کتابوں میں قرآنی آیات کے تقدس کو خراب کیا جا رہا ہے۔ کیونکہ چھپی ہوئی قرآنی آیات کی بے حرمتی کی جا رہی ہے۔ دکاندار کاغذ کو ردی میں خرید کر اس میں سودا سلف باندھ کر بڑی بے پرواہی سے روک دیتے ہیں۔ ہم نے گلیوں کے ڈھیروں، گلیوں، سڑکوں اور بازاروں میں اکثر ایسے کاغذات پڑے ہوئے دیکھے ہیں جن پر قرآن پاک کی آیات لکھی ہوئی ہوتی ہیں۔ مگر آج کا مسلمان اس حقیقت سے بے خبر ہے۔ اسلام سے دور ہو چکا ہے جس کے متعلق علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اب تک بہت نام ہے جس کا کوئی تیمور کے گھر سے ہو اس سے چودھویں صدی کے مسلمان کو یہ خیال تک نہیں کہ ان آیات کا مقام کیا ہے اور ان کا احترام کرنا اس کے فرائض میں شامل ہے۔ تعلیمی اداروں میں بھی اکثر ایسے اساتذہ ہیں جو ایسے متن پڑھتے ہیں جن پر قرآنی آیات اور ان کے اردو ترجمے لکھے ہوتے ہیں مگر کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ ساتذہ اور طلبا دونوں ان سے لاپرواہی برتتے ہیں گویا یہی مسلمان ہے اور تعلیم یافتہ افراد کی یہی پہچان ہے۔ جہاں تک اخبارات، رسائل اور کتب میں درج قرآنی آیات کا تعلق ہے۔ تو اس سلسلہ میں یہ کہنا کہ آیات لکھی ہی کیوں جاتی ہیں تو اس بارے میں یہی عرض کیا جا سکتا ہے کہ لکھی تو اس لیے جاتی ہیں کہ لوگ ان کو پڑھ کر ان سے سبق حاصل کریں۔ لکھنے والے نہیں جانتے کہ ان کو پڑھ کر ان کی بے حرمتی کی جاتی ہے کیونکہ قرآن پاک کی آیات کا پڑھنا جہاں مسلمان کے لیے فرض ہے وہاں پر اس کا یہ فرض بھی ہے کہ وہ اس کا احترام کرے۔ ان آیات کی بے حرمتی قرآن پاک کی بے حرمتی ہے۔ قرآن پاک کی بے حرمتی خدا کے کلام کی بے حرمتی ہے اور خدا کے کلام کی بے حرمتی خدا کی بے حرمتی ہے اور خدا کی بے حرمتی مسلمانوں کے لیے ایک خطرناک تباہی کی حیثیت رکھتی ہے۔ کیونکہ خدا جس نے انسان کو گوشت و پوست کا لوتھڑا بنا کر اسے اشرف المخلوقات بنایا ہے اور دنیا میں اپنا نائب مقرر کیا ہے مگر اس نائب پر بھی خداوند کریم نے کچھ ذمہ داریاں ڈالی ہیں۔ ہمارا تو ایمان ہے کہ خدا کے کلام کی بے حرمتی کرنے والا مسلمان کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا۔ آج جبکہ اس صدی کا مسلمان مختلف قسم کی مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ قبلہ اول اس کے ہاتھ سے نکل کر اغیار کے قبضہ میں جا چکا ہے۔ باطل قوتیں مسلمان کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے دن رات منصوبے تیار کر رہی ہیں جن کے سبب ذلت اور رسوائی کے گہرے گڑھے میں گرا ہوا سسک سسک کر زندگی کے دن گزار رہا ہے تو یہ سب کچھ اسی لیے ہے کہ مسلمانوں نے ان بنیادی اصولوں کی طرف جن کی طرف قرآن پاک نے بار بار اشارہ کیا ہے، کو فراموش کر دیا ہے۔ آج کا مسلمان بیرونی دنیا کا شکار ہو چکا ہے خداوند کریم کے کلام کی بے حرمتی کرنا شروع کر دی ہے اور ان سنہری اصولوں سے جو مسلمانوں کو اسلام نے ورثے میں دیے تھے اور جن کی پیروی کرکے مسلمان عظمت اور سربلندی کے داعی تھے چشم پوشی اختیار کر لی ہے۔

اسی کتاب نے مسلمانوں کو سربلندی اور عظمت عطا کی

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۱ ، شمارہ نمبر ۲ — پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورانٹو کینیڈا — ۱۵ جولائی ۱۹۷۷ء

پاکستان اور سعودی عرب کا مشترکہ بنک جلد کام شروع کر دیگا: شاہ خالد نے منظوری دیدی

جماعت اسلامی ہند پر پابندی منتقمانہ چال ہے

بھارت کی مسلم اقلیت کو نمائندگی سے محروم کر کے سیاسی طور پر بے بس کر دیا گیا ہے

افغانستان کے مختلف مقامات پر بموں کے دھماکے جاری ہیں

قندھار اور جلال آباد میں بم پھٹنے سے بہت زیادہ نقصان ہوا

الجزیرا بنک کا نظم و نسق نیشنل بنک آف پاکستان چلائے گا

نئے بنک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس اسی ماہ ہو رہا ہے

بھارت میں ہنگامی حالت کا نفاذ اس ملک کا اندرونی معاملہ ہے

پاکستان کے سرکاری حلقوں کی طرف سے تبصرہ کرنے سے انکار

متحدہ عرب امارات اور پاکستان میں تعاون بڑھانے پر بات چیت

پاکستانی وفد جلد ابوظہبی جائیگا، متحدہ عرب امارات کے وزیر صنعت نے وزیراعظم بھٹو سے بھی ملاقات کی

اسرائیلی حکام مسجد حسن بیک کو شہید کر دینا چاہتے ہیں

کراچی اور پشاور کے درمیان دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر سپر ہائی وے کی تعمیر کا منصوبہ

وزیراعظم کی جانب سے زلزلہ زدگان کو معاوضہ کی ادائیگی کی یقین دہانی

تیسری دنیا کو نئے دور کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کیلئے امریکی امداد کی ضرورت ہے: بھٹو

پاکستان اور امریکہ کے درمیان قریبی تعلقات ہیں

امریکہ کے ۱۹۹ ویں یوم آزادی کی تقریب سے وزیراعظم کا خطاب

بھارت کی دو تہائی مسلح افواج پاکستان اور چین کی سرحدوں پر متعین ہیں

اندرونی صورت حال پر قابو پانے کیلئے اندرا گاندھی فوج کو استعمال کر رہی ہیں

بھارتی صوبہ گجرات میں بھی صدر راج کا نفاذ یقینی ہو گیا

سعودی عرب میں گذشتہ ۳۵ برس میں صرف دس افراد قتل کیے گئے

شرعی قوانین کا نفاذ ہی جرائم کو ختم کر سکتا ہے

نظام مصطفےٰ کے قیام کے لئے میدان عمل میں نکل آئیں: شاہ احمد نورانی

حکومت سرمایہ داروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دینا چاہتی ہے: شیخ رشید

کریسنٹ درجہ اول کی ڈاک سے

ہمارے مارچ کے شمارے میں ہمارے استفسار کے جواب میں ہمارے چند قارئین نے اخبار کو درجہ اول کی ڈاک سے بھجوانے کا مشورہ دیا ہے تاکہ اخبار کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کا ازالہ ہو سکے۔ جو قارئین اپنی کاپی درجہ اول کی ڈاک سے منگوانے کے خواہشمند ہیں وہ چندے کی شرح کا اضافہ یہاں دیئے ہوئے اس کوپن خریداری سے نوٹ فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ FOR ONE YEAR $6.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
- ☐ FOR TWO YEARS $10.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
- ☐ FOR SIX MONTHS $4.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE. (416) [illegible]

NAME.

ADDRESS.

POSTAL CODE:

TELEPHONE:

U.S. cheques please include an additional 25¢